
1

معلومات عامہ

(General Knowledge)

برائے جماعت اول



بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

معلوماتِ عامہ

(General Knowledge)

برائے جماعت اوّل

پبلشرز:

قلات سٹیشنرز کوئٹہ

برائے:

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کوئٹہ

عزیز طلبہ!

بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ طلبہ کے لئے درسی کتب کی تیاری پر مامور ہے۔ بورڈ اس سلسلے میں نامور ماہرین تعلیم کی خدمات سے استفادہ کرتا ہے۔ جو شب وروز کی عرق ریزی سے کتابوں کو مرتب کرتے ہیں۔ اگرچہ کتابوں کے مواد اور معیار کو بہتر بنانے کے لئے بورڈ مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ پھر بھی بہتری کی گنجائش برقرار رہتی ہے۔ غلطیوں کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا۔ اس ضمن میں طلبہ، اساتذہ کرام اور والدین سے گزارش ہے کہ وہ ہماری رہنمائی فرمائیں تاکہ ان کتب کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔

عبدالقیوم بابئ
چیئرمین
بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ، کوئٹہ
فون نمبر: 081-2470503
081-2470501

مصنفین: ظفر اقبال ، مسز شاہین عزیز ، مسز ذاکرہ نورین

ایڈیٹر : پروفیسر ڈاکٹر احمد سعید خٹک ، محمود اقبال

انٹرنل ریویو کمیٹی (IRC)

عبدالخالق بغلانی
نصیر اللہ غرشین
مس نغمہ سحر
محمد رحیم تارن
نائب جان آغا

صوبائی ریویو کمیٹی (PRC)

عظمت اللہ کاکڑ
مس جمیلہ باری
عبدالحسیب
خالد محمود

نگران طباعت: سیّد نائب جان آغا (ماہر مضمون)

لے آؤٹ ڈیزائنگ: محمد عباس رفیق
کمپوزنگ: محمد فہد طارق

پرنٹر: قلات پبلیشرز ، کوئٹہ
تیار کردہ: قلات سٹیشنرز، کوئٹہ

فہرست

باب 1

ہمارا عقیدہ



تدریسی مقاصد

☆ تعوذ اور تسمیہ ترجمہ کے ساتھ پڑھنا۔
☆ کلمہ طیبہ ترجمہ کے ساتھ پڑھنا۔
☆ یہ ماننا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔
☆ یہ ماننا کہ دنیا کی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔
☆ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کے نام بتانا۔(انسان ، جانور ، پودے، درخت، ستارے، اور سورج وغیرہ ۔)

تعوذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا/مانگتی ہوں۔

تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

کلمہ طیبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ اُسی نے ہم سب کو پیدا کیا ہے۔ دنیا کی ہر چیز اُسی نے بنائی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان، سورج، زمین، چاند اور ستارے بنائے ہیں۔ انسان، جانور، پودے، درخت، پہاڑ، اور دریا بھی اللہ تعالیٰ نے بنائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ ☐

2۔ اللہ تعالیٰ نے صرف پودوں کو پیدا کیا ہے۔ ☐

3۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو پیدا کیا ہے۔ ☐

4۔ سورج، چاند اور ستارے خود بخود پیدا ہوئے ہیں۔ ☐

5۔ اللہ تعالیٰ کا کوئی شریک نہیں۔ ☐

سوال نمبر 2۔ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چند چیزوں کے نام لکھیں۔

1۔.................. 2۔.................. 3۔..................

4۔.................. 5۔.................. 6۔..................

سوال نمبر 3۔ تعوذ اور اس کا ترجمہ سنائیں۔

سوال نمبر 4۔ تسمیہ اور اس کا ترجمہ سنائیں۔

سوال نمبر 5۔ کلمہ طیبہ اور اس کا ترجمہ سنائیں۔

برائے اساتذہ:

☆ مختلف چارٹس اور تصویروں کی مدد سے طلبہ کو جانوروں ، پودوں ، چاند اور ستاروں کی پہچان کروائیں۔

☆ طلبہ کو تعوذ ،تسمیہ اور کلمہ طیبہ زبانی یاد کروائیں۔

☆ اساتذہ کرام اپنی نگرانی میں طلبہ سے سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

باب 2




میرا تعارف

تدریسی مقاصد

☆ اپنا تعارف سمجھنا۔

☆ اپنی اچھی عادتوں کو پہچاننا۔

☆ پسند و ناپسند اور جسمانی طور پر دوسرں جیسا ہونا یا دوسرں سے مختلف ہونے کے بارے میں جاننا۔



میرا نام---------------ہے

میرے والد کا نام----------------ہے

میری والدہ کا نام----------------ہے

میرے--------------بہن بھائی ہیں

میری عمر --------------سال ہے

مجھے---------------کھیلنا پسند ہے


میرے/میری دوست کا نام---------------ہے


میرے اسکول کا نام-------------------ہے

میں-----------------جماعت میں پڑھتا/پڑھتی ہوں


میرے/میری ٹیچر کا نام------------------ہے

درج ذیل میں سے آپ کی پسندیدہ چیزوں کا انتخاب کریں۔؟






درج ذیل چیزوں میں سے ناپسندیدہ چیزوں کا انتخاب کریں۔









میری اچھی عادتیں

میں صبح سویرے اٹھتا/اٹھتی ہوں

میں بڑوں کا ادب کرتا/کرتی ہوں


میں ہمیشہ سچ بولتا/بولتی ہوں



کھانا لگانے میں مدد کرنا



مل جل کر کھیلنا



نماز پڑھنا



دوسروں کی مدد کرنا



چاچا آپ کی چیز گر گئی



اماں جی آپ میری سیٹ پر بیٹھ جائیں

دوسروں کی اچھی عادتیں



دوسروں سے ملنا جلنا



اپنی باری پر کھیلنا



مریض کی عیادت کرنا



دوسروں کی مدد کرنا



جانوروں سے رحم دلی کرنا



اسکول میں دوسروں کا خیال

مشق

سوال نمبر 1۔ درست جملے پر (✓) اور غلط جملے پر (✗) کا نشان لگائیں

1۔ ہم قد رنگ اور شکل میں ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ ☐

2۔ ہمیں مل جل کر نہیں کھیلنا چاہیے۔ ☐

3۔ دوسروں کی مدد کرنا اچھی عادت نہیں۔ ☐

4۔ کھانا کھاتے وقت دوسروں کا خیال رکھنا ضروری نہیں۔ ☐

5۔ ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ ☐

سوال نمبر 2۔ اپنے دوستوں کی پانچ ایسی عادتیں بتائیں جو آپ کو بہت پسند ہیں۔

سوال نمبر 3۔ خالی جگہ پر کریں

ا: میرے سکول کا نام .... ہے

۲: میری عمر .... سال ہے

۳: میں .... اٹھتا/اٹھتی ہوں

۴: میرے .... بہن بھائی ہیں

۵: میرے بالوں کا رنگ .... ہے

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ سے کہیں کے وہ اپنا اور اپنے اسکول کا تعارف کروائیں۔

☆ طلبہ سے ان کی پسند کی خوراک اور رنگ کے بارے میں پوچھیں۔

☆ طلبہ کو بتائیں کے ہم ایک دوسرے سے کس طرح مختلف ہوتے ہیں۔



باب 3


میرا جسم

تدریسی مقاصد


☆ انسانی جسم کے مختلف حصوں کے نام سیکھنا۔

☆ انسانی جسم کے مختلف حصوں اوران کے افعال کے بارے میں جاننا۔


☆ حواس خمسہ کے نام سیکھنا۔ ☆ حواس خمسہ کی تفصیل جاننا۔




کیا آپ جانتے ہیں؟




منہ سے کھاتے ہیں




ہاتھوں سے چھوتے ہیں



ناک سے سونگھتے ہیں



آنکھوں سے دیکھتے ہیں



کانوں سے سنتے ہیں

حواس خمسہ

ہم پانچ طریقوں سے محسوس کرسکتے ہیں

1 چکھنا

زبان سے ہم چکھتے ہیں

میٹھا

حلوہ





زردہ

نمکین

سموسے پکوڑے





چپس

کریلا




کڑوا



مرچ

لیموں



ترش



اچار

2 دیکھنا

آنکھوں سے ہم دیکھتے ہیں







کیا آپ جانتے ہیں کہ چراغ اور ستاروں کی روشنی مدھم ہوتی ہے جبکہ سورج اور سٹریٹ لائٹ کی روشنی تیز ہوتی ہے۔

آنکھوں سے ہم رنگوں کی پہچان کرتے ہیں

سفید | نیلا | سبز | پیلا | سرخ | بھورا | گلابی

3 سننا

کانوں سے ہم سنتے ہیں

آوازیں اونچی اور دھیمی ہوتی ہیں

دھیمی آواز: جیسے سرگوشی کرنا، بوندا باندی



سرگوشی کرنا



بوندا باندی

اونچی آواز (شور): جیسے بجلی کی کڑک، ڈھول کی تھاپ، ریل گاڑی کی آواز، گاڑی کے ہارن کی آواز، لاؤڈ اسپیکر کی آواز وغیرہ



بجلی کی کڑک



لاؤڈ اسپیکر

4 چھونا

ہاتھوں کی مدد سے ہم چھوتے ہیں؟

ہاتھوں کی مدد سے ہم چھوتے ہیں اس سے ہمیں کسی چیز کے گرم، ٹھنڈا، سخت، نرم، کھردرا اور ملائم ہونے کا پتا چلتا ہے

5 سونگھنا


ہم ناک سے سونگھتے ہیں۔اس سے ہم خوشبودار اور بدبودار اشیاء کی پہچان کرتے ہیں

خوشبودار اشیاء

پھول



اگربتی



خوشبودار اشیاء

عطر



پرفیوم



بدبودار اشیاء

گلے سڑے پھل



کوڑا کرکٹ




بدبودار اشیاء

گٹر




گندا انڈا



مشق

سوال نمبر 1۔ حواس خمسہ کو تصویروں سے ملائیں۔



سننا | چھونا | چکھنا | دیکھنا | سونگھنا

سوال نمبر 2۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں

1: حلوہ ہوتا ہے — الف: میٹھا ☐ — ب: ترش یا کھٹا ☐ — ج: نمکین ☐

2: سموسہ ہوتا ہے — الف: کڑوا ☐ — ب: نمکین ☐ — ج: میٹھا ☐

3: لیموں ہوتا ہے — الف: نمکین ☐ — ب: میٹھا ☐ — ج: ترش یا کھٹا ☐

4: کریلا ہوتا ہے — الف: کڑوا ☐ — ب: میٹھا ☐ — ج: نمکین ☐

5: زردہ ہوتا ہے — الف: نمکین ☐ — ب: ترش یا کھٹا ☐ — ج: میٹھا ☐

سوال نمبر 3۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

سونگھتے ، چھوتے ، دیکھتے ، چکھتے، سنتے

1: آنکھوں سے ہم ______________ ہیں

2: کانوں سے ہم ______________ ہیں

3: زبان سے ہم ______________ ہیں

4: ہاتھوں یا جِلد کی مدد سے ہم ______________ ہیں

5: ناک سے ہم ______________ ہیں

برائے اساتذہ:

☆ طلباء کو مختلف اعضاء اور ان کے افعال سے آگاہ کریں۔

☆ طلباء کو گرم، نمکین، میٹھی، کڑوی اور ترش اشیاء سے روشناس کروائیں۔

☆ طلباء کو چمکدار، روشن، مدھم اور تیز روشنی والے اجسام کی شناخت کروائیں۔

☆ طلباء کو دھیمی آواز اور اونچی آواز کا فرق مختلف مثالوں سے سمجھائیں۔

☆ طلباء کو نرم سخت، ملائم، اور کھردری اشیاء کی پہچان کروائیں۔

☆ طلباء کو خوشبو اور بدبو میں فرق بتائیں۔



صفائی

باب 4


تدریسی مقاصد

اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقے




☆ صاف ستھرا رہنے کے مختلف طریقوں کے بارے میں جاننا۔


☆ صحت مند رہنے کے لئے صفائی کی اہمیت سے آگاہی۔



نہانا



دانت صاف کرنا



بالوں میں کنگھی کرنا



ناخن تراشنا



بال کٹوانا




صاف لباس پہننا

اپنے آپ کو صاف ستھرا رکھ کر ہم صحت مند رہ سکتے ہیں۔ اگر ہم صاف ستھرے نہ رہیں تو بیمار ہو جاتے ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہمیشہ صاف ستھرے رہیں۔ روزانہ دانت صاف کریں۔ اپنے ناخن زیادہ نہ بڑھنے دیں۔ بالوں میں روزانہ کنگھی کریں۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ صاف ستھرا رہنے کے متعلق تصاویر پر (✓) کا نشان لگائیں













سوال نمبر 2۔ صاف ستھرا رہنے سے متعلق باتوں پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1- ہاتھ منہ دھونا .... ☐

2- کتاب پڑھنا .... ☐

3- نہانا .... ☐

4- کھانا کھانا .... ☐

5- دانت صاف کرنا .... ☐

سوال نمبر3۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

دھونے، بیماریاں، صحت، صاف، تراشنے

1۔ صاف ستھرا رہنے سے .... اچھی رہتی ہے۔

2۔ ناخن .... سے ہم صحت مند رہتے ہیں۔

3۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں اچھی طرح ہاتھ .... چاہئیں

4۔ گندگی سے .... پھیلتی ہیں۔

5۔ ہمیں روزانہ دانت .... کرنے چاہئیں۔

سرگرمی نمبر1۔ سکول میں بچوں سے ہاتھ منہ دھونے اور دانت صاف کرنے کا عملی مظاہرہ کروایا جائے۔

سرگرمی نمبر2۔ صاف سُتھرا رہنے سے متعلق تصاویر نیچے دیے گئے باکس میں چسپاں کریں۔؟

برائے اساتذہ:


- ☆ طلبہ کو صاف ستھرا رہنے کے مختلف طریقوں سے روشناس کرائیں۔
- ☆ طلبہ کو صفائی کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- ☆ طلبہ کو سمجھائیں کہ گھر اور ارد گرد کے ماحول کی صفائی میں دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔
- ☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کروائیں۔


باب 5

میرا خاندان

تدریسی مقاصد

- ☆ خاندان کے افراد کی شناخت کر سکنا۔
- ☆ گھر میں رہنے والے افراد کے باہمی رشتوں کے بارے میں جاننا۔
- ☆ خاندان کے افراد کی عزت کرنا سیکھنا۔





ہم دو بھائی اور ایک بہن ہیں۔ میرے خاندان میں امی، ابو، بہن، دادا، دادی ہیں۔ ہم سب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ میرے ابو کے دو بھائی ہیں، ایک میرے چچا اور دوسرے میرے تایا ہیں۔ ابو کی ایک بہن ہے۔ وہ میری پھوپھی ہیں۔ ان کے خاوند میرے پھوپھا ہیں۔ میری امی کا ایک بھائی ہے۔ وہ میرے ماموں ہیں۔ ان کی بیوی میری ممانی ہے۔ میری امی کی ایک بہن ہے۔ وہ میری خالہ ہیں۔ ان کے خاوند

میرے خالو ہیں۔میرے والد ایک دفتر میں کام کرتے ہیں۔میرے دادااوردادی دونوں بزرگ ہیں۔وہ ہمیں اچھی اچھی باتیں بتاتے ہیں۔خاندان کے تمام افراد ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں۔ایک دوسرے کی عزت کرنے سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔ہمیں چاہیے کہ ہم دوسروں کی عزت کریں۔ہم مل جل کر رہیں اور ایک دوسرے کی مدد کریں۔

رشتوں کا احترام



ایک دوسرے کی مدد کرنا



دادی اماں کہانی سناتے ہوئے



مل جل کر کھانا کھانا



بزرگوں کی خدمت کرنا



گھر کے کام کاج میں مدد کرنا



مہمان نوازی کرنا

مشق

سوال نمبر 1۔ اپنے گھر میں رہنے والے افراد کے نام بتائیں۔

سوال نمبر 2۔ درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

1۔ آپکے ابو کے بڑے بھائی آپکے کیا لگتے ہیں؟

2۔ آپکے ابو کے ابو آپکے کیا لگتے ہیں؟

3۔ آپکے ابو کی امی آپکی کیا لگتی ہیں؟

4۔ آپکی امی کے ابو آپکے کیا لگتے ہیں؟

5۔ آپکی امی کے بھائی آپکے کیا لگتے ہیں؟

6۔ آپکی امی کی امی آپکی کیا لگتی ہیں؟

7۔ آپکی امی کی بہن آپکی کیا لگتی ہیں؟

8۔ آپکے ابو کے چھوٹے بھائی آپکے کیا لگتے ہیں؟

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو بتائیں کہ بڑوں کی عزت اور چھوٹوں پر شفقت کرنی چاہیے۔

☆ طلبہ کو مل جل کر رہنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔

☆ طلبہ سے رشتوں کی پہچان کروائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کروائے۔

باب 6

ہماری خوراک

تدریسی مقاصد

- ☆ گھر میں استعمال ہونے والی کھانے پینے کی چیزوں کی فہرست تیار کر سکنا۔
- ☆ اپنی پسندیدہ کھانے پینے کی چیزوں کے نام بتا سکنا۔
- ☆ کھانے پینے کی مختلف چیزوں کی افادیت جاننا۔
- ☆ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کی اہمیت جاننا۔
- ☆ کھانے کے آداب کا عملی مظاہرہ سیکھنا۔
- ☆ کھانے کے شروع میں اور بعد میں دعا پڑھ سکنا۔

کھانے پینے کی چیز ''خوراک'' کہلاتی ہے۔ ہمیں زندہ رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہے۔ ہماری خوراک میں سبزیاں، گوشت، پھل، چاول، گندم، انڈے، دالیں اور دودھ وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ سبزیاں اور پھل ہمیں صحت منداور توانا رکھتے ہیں۔ اور اُن کے استعمال کے ذریعے بیماریوں سے بچا جا سکتا ہے۔ ہمیں کھانے پینے کی تمام چیزوں کو صاف رکھنا چاہیے۔



گوشت


مرغی


مچھلی


گوشت

سبزیاں


شلجم



گاجر


کھیرا

پھل


مالٹا


سیب


کیلا

اناج


گندم


چاول


دال



کھانا کھانے کے آداب

1۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ صابن سے اچھی طرح دھولیں۔

2۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر کھانا شروع کریں۔

3۔ کھانا دائیں ہاتھ سے کھائیں۔

4۔ نوالے چھوٹے لیں۔

5۔ کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھولیا کریں۔

6۔ کھانا کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکریہ دُعا پڑھ کر ادا کریں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

مشق

سوال نمبر 1۔ اپنے پسندیدہ کھانوں کے نام بتائیں اور لکھیں۔

1۔...................... 2۔...................... 3۔......................

سوال نمبر 2۔ کھانا کھانے کے صحیح طریقے پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ ہاتھ دھونا ( )

2۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا ( )

3۔ دائیں ہاتھ سے کھانا ( )

4۔ زیادہ باتیں کرنا ( )

5۔ کھانے کے بعد شکر ادا کرنا ( )

سوال نمبر 3۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

زندہ، ہاتھ، دھونے، خوراک، پھل

1۔ کھانے پینے کی چیزیں .... کہلاتی ہیں۔

2۔ کھانا دائیں .... سے کھانا چاہیے۔

3۔ ہمیں .... رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔

4۔ سبزیاں اور .... ہمیں صحت منداور توانا رکھتے ہیں۔

5۔ کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ اچھی طرح .... چاہئیں

سوال نمبر۴: چیزوں کے ناموں کو تصویروں سے ملائیں،

آلو | گوشت | آم | چنے کی دال | گندم







برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو مختلف دکھا کر ان کی پسندیدہ اشیاء کے نام معلوم کریں۔؟

☆ طلبہ کو گوشت، سبزیوں، پھلوں اور اناج کی افادیت سے آگاہ کریں۔

☆ طلبہ کو کھانا کھانے کے آداب سکھائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کروائے۔

باب 7

کھیل اور ان کے اصول



تدریسی مقاصد

☆ پسندیدہ کھیلوں کے نام بتا سکنا۔ ☆ دی گئی تصویروں کی مدد سے مختلف کھیلوں کی پہچان کر سکنا۔

☆ کھیل کے عمومی اصول سے واقف ہونا۔ ☆ کھیل کے اصولوں پر عمل کرنے کی اہمیت جاننا۔

☆ ایک کھیل کے دوران اس کے اصولوں پر عمل کرنا۔

کھیلنا ہماری صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔ دنیا میں بہت سارے کھیل کھیلے جاتے ہیں۔ کرکٹ، ہاکی، فٹبال، کبڈی، ٹیبل ٹینس، والی بال، کیرم بورڈ، باسکٹ بال، گلی ڈنڈا، آنکھ مچولی، پولو، سکواش اور رسہ کشی وغیرہ مشہور کھیل ہیں۔ کھیل ہمیں تفریح بھی مہیا کرتے ہیں۔

کرکٹ




ہاکی




فٹ بال




والی بال



آنکھ مچولی



پولو







باسکٹ بال




گِلی ڈنڈا



کبڈی



سکواش



ٹیبل ٹینس



رسہ کشی

کھیلوں کے بنیادی اصول

کھیلوں کے چند اصول نیچے دیے گئے ہیں۔ اِن پر ہمیشہ عمل کرنا چاہیے۔

1۔ اپنی باری پر کھیلنا
2۔ کپتان کی بات ماننا
3۔ دوسرے کھلاڑیوں کو بھی موقع دینا
4۔ کھیل کے آخر تک شامل رہنا
5۔ لڑائی جھگڑا نہ کرنا
6۔ ہار جیت کو دل سے قبول کرنا

کھیل کے اصولوں پر عمل کرنے کی اہمیت

کسی بھی کھیل کے اصول بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ کسی کھیل کے تمام کھلاڑیوں کے لیے ایک ضابطہ اخلاق مہیا کرتے ہیں۔ یہ کھلاڑیوں کو اپنی حدود میں رکھتے ہیں اور اُن کو ناانصافی کرنے سے روکتے ہیں۔ یہ بتاتے ہیں کہ کسی کھیل کو کیسے کھیلنا ہے۔

ایک کھیل کے دوران اس کے اصولوں پر عمل کرنا

فٹ بال کے کھیل کے عام اصول درج ذیل ہیں، اِن پر عمل کرنا ہر ٹیم اور کھلاڑی کے لیے ضروری ہے۔

- ☆ فٹ بال کا کھیل دو ٹیموں کے درمیان کھیلا جاتا ہے۔ ہر ٹیم گیارہ کھلاڑیوں پر مشتمل ہوتی ہے جس میں ایک گول کیپر ہوتا ہے۔
- ☆ کھیل کا دورانہ 90 منٹ ہے جس میں 45-45 منٹ کے دو ہاف ہوتے ہیں۔
- ☆ اِس کھیل کو منظّم کرنے کے لیے دو ریفری ہوتے ہیں۔
- ☆ میدان کے دونوں طرف دو گول پوسٹ ہوتے ہیں۔ ان کے اندر فٹ بال پھینکنے سے گول سکور ہو جاتا ہے۔ جو ٹیم زیادہ گول سکور کرتی ہے، وہ فاتح قرار پاتی ہے۔

مشق

سوال نمبر 1۔ کوئی سے پانچ کھیلوں کے نام بتائیں۔

1۔ .... 2۔ .... 3۔ ....

4۔ .... 5۔ ....

سوال نمبر 2۔ آپ کو کون سا کھیل پسند ہے؟ نام لکھیں۔

سوال نمبر 3۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ کھیل ہمیں تفریح مہیا کرتے ہیں۔ ☐

2۔ دنیا میں بہت سارے کھیل نہیں کھیلے جاتے۔ ☐

3۔ ہمیشہ اپنی باری پر کھیلنا چاہیے۔ ☐

4۔ کھیل کے دوران لڑائی جھگڑا کرنا چاہیے۔ ☐


5۔ ہار اور جیت کو دل سے قبول کرنا چاہیے۔ ☐

6۔ کھیل کے دوران کپتان کی بات نہیں ماننی چاہیے۔ ☐

سوال نمبر 4۔ کھیلوں کی تصاویر اور اُن کے نام نیچے دیے گئے ہیں، ان ناموں کو تصویروں سے ملائیں۔

والی بال | آنکھ مچولی | فٹ بال | پولو | کرکٹ







برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو مختلف چارٹس کے ذریعے کھیلوں سے روشناس کرائیں۔

☆ طلبہ کو کھیلوں کے اصولوں سے روشناس کرائیں۔

☆ طلبہ کو کھیلوں کی اہمیت سے آگاہ کریں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کروائے۔


باب 11

ہمارا گھر

تدریسی مقاصد

☆ یہ جاننا کہ ایک خاندان کے افراد ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔
☆ اپنے گھر کی تصویر بنانا اور اس کے متعلق بتا سکنا۔
☆ اپنے خاندان کے مختلف افراد کے نام بتا سکنا جو ان کے ساتھ گھر میں رہتے ہیں۔
☆ گھروں کی مختلف اقسام (بنگلہ، گارے سے بنے کچے گھر، جھونپڑی اور کئی منزلہ عمارت) کی پہچان کر سکنا۔
☆ گھروں کی صفائی کے مختلف طریقوں کی فہرست تیار کر سکنا۔

یہ ہمارا گھر ہے۔ اس گھر میں ہم اپنے ماں باپ اور بہن بھائیوں کے ساتھ اکٹھے ہو کر رہتے ہیں۔ ہمارا گھر صاف ستھرا ہے۔ گھر مختلف اقسام کے ہوتے ہیں۔ کچھ گھر کچے ہوتے ہیں جو گارے کے بنے ہوتے ہیں۔ بعض لوگ جھونپڑیوں میں بھی رہتے ہیں۔ کچھ گھر پکے ہوتے ہیں۔ شہروں میں کئی منزلہ عمارتیں بھی ہوتی ہیں۔



گھر کی اقسام






صفائی کے مختلف طریقے








مشق

سوال نمبر 1۔ آپ کے گھر میں کون کون رہتا ہے۔ اُنکے نام لکھیں۔

------------------------- ------------------------- ------------------------- -------------------------

------------------------- ------------------------- ------------------------- -------------------------

سوال نمبر 2۔ آپ کا گھر کس چیز سے بنا ہے؟

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

سوال نمبر 3۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

منزلہ، صاف، مختلف، لوگ، قالین

1۔ گھر ....اقسام کے ہوتے ہیں۔

2۔ شہروں میں کئی ....عمارتیں بھی ہوتی ہیں۔

3۔ ہمارا گھر............................ستھرا ہے۔

4۔ مشین سے ....کی صفائی کی جاتی ہے۔

5۔ کچھ .... جھونپڑیوں میں رہتے ہیں۔

سوال نمبر 4۔ آپ کے گھر میں کون کون سی چیزیں ہیں؟ دس چیزوں کے نام بتائیں۔

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ سے ان کے خاندان کے افراد کے نام پوچھے جائیں۔

☆ طلبہ کو اپنے علاقے کی مناسبت سے طرزِ تعمیر کے بارے میں بتائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔



باب 12

محلّہ اور محلے داری


تدریسی مقاصد

☆ یہ جاننا کہ محلے میں کئی خاندان رہتے ہیں۔

☆ اپنے محلے میں موجود لوگوں، مسجد، دوکان، گلی اور پارک وغیرہ کے متعلق جاننا۔

☆ تصویروں کی مدد سے محلے میں موجود اہم مقامات سے روشناس ہونا۔

ہم سب ایک ہی محلے میں رہتے ہیں۔ ہمارے اردگرد رہنے والے ہمارے محلے دار کہلاتے ہیں۔ محلے میں کئی گھر ہیں۔ وہاں ایک کشادہ مسجد، بازار اور چند دوکانیں ہیں۔ لوگ ان دوکانوں سے اپنی ضرورت کی چیزیں خریدتے ہیں۔ ہمارے محلے کی گلیاں کھلی اور صاف ستھری ہیں۔ ہمارے محلے میں سکول، پارک اور ڈسپنسری بھی ہے۔ سکول میں ہم تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ پارک میں لوگ سیر کرتے ہیں۔ ڈسپنسری سے بیمار لوگ اپنا علاج کرواتے ہیں۔ ہم اپنے محلے داروں کی خوشی اور غم میں شریک ہوتے ہیں۔



مشق



سوال نمبر 1۔ اوپر دی گئی تصویر پر غور کریں اور اس میں موجود جگہوں کے نام بتائیں۔

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

---------------------------- ---------------------------- ---------------------------- ----------------------------

سوال نمبر 2۔ ہر بچے سے پوچھا جائے کہ اس کے پڑوس میں کس کس کا گھر ہے؟

سوال نمبر 3۔ تصویروں کو ان کے ناموں سے ملائیں۔







سڑک	پارک	دوکان	مسجد	گلی

سوال نمبر 4۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ ہمارے محلے میں ایک کشادہ مسجد ہے۔

2۔ پارک میں ہم تعلیم حاصل کرتے ہیں؟

3۔ لوگ دوکانوں سے اپنی ضرورت کی چیزیں خریدتے ہیں۔

4۔ ہم سب مل جل کر رہتے ہیں۔

5۔ ڈسپنسری سے بیمار لوگ اپنا علاج کرواتے ہیں۔

6۔ سکول میں ہم سیر کرتے ہیں۔

7۔ ہم محلے داروں کی خوشی اور غم میں شریک نہیں ہوتے۔

8۔ ہمارے پڑوس میں رہنے والے ہمارے محلے دار کہلاتے ہیں۔

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو محلے میں موجود مختلف مقامات کی اہمیت سے آگاہ کریں۔

☆ طلبہ کو محلے میں موجود اہم جگہوں کی شناخت کروائیں۔

☆ استاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔



باب 13

سکول

تدریسی مقاصد

☆ اپنے سکول کا تعارف کرانا اور تصویر بنانا سیکھنا۔

☆ سکول میں طلبہ، اساتذہ، پرنسپل اور سٹاف سے واقف ہونا۔

☆ سکول میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں کے بارے میں جاننا۔

☆ کمرا جماعت کے آداب پر عمل کرنا سیکھنا۔

☆ سکول میں دوسرے لوگوں کے احترام کے بارے میں جاننا۔

میرے گھر کے قریب ایک سکول ہے۔ اس سکول میں چھ اساتذہ، ہیڈ ماسٹر/ ہیڈ مسٹریس، چوکیدار، مالی اور آیا ہیں۔ ہم صبح سویرے اسکول جاتے ہیں۔ تمام طلبہ اساتذہ اور سکول کے سٹاف کی بہت عزت کرتے ہیں۔ ہمارے سکول کا نظم و ضبط بہت اچھا ہے۔ طلبہ اساتذہ کی باتیں پوری توجہ سے سنتے ہیں۔ ہم پڑھائی کے دوران شرارتیں نہیں کرتے۔



سکول میں ہونے والی مختلف سرگرمیاں



سکول کی اسمبلی میں شامل ہونا



پڑھائی کرنا



میدان میں کھیلنا



پی ٹی کرنا



چھٹی کا منظر



لائبریری میں مطالعہ کرنا

میرے سکول میں یہ لوگ ہوتے ہیں۔

1: طلبہ　　2: اساتذہ کرام　　3: پرنسپل / ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس

4: چوکیدار　　5: مالی　　6: آیا وغیرہ

مشق

سوال نمبر 1۔ تصویروں کے ناموں کو تصویروں سے ملائیں۔







سکول کی اسمبلی | پی ٹی | چوکیدار | ہیڈ ماسٹر | سکول کی کینٹین

سوال نمبر 2۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

توجہ، چیزیں، پسند، سویرے، خراب

1۔ ہم اپنے سکول کو بہت ---------------------------- کرتے ہیں۔

2۔ ہم سکول کی چیزوں کو ---------------------------- نہیں کرتے۔

3۔ طلبہ اساتذہ کی باتیں پوری ---------------------- سے سنتے ہیں۔

4۔ سکول کی کینٹین سے ہم کھانے پینے کی ---------------------- خریدتے ہیں۔

5۔ ہم صبح ---------------------- سکول جاتے ہیں۔

سرگرمی نمبر 1۔ ہر بچہ کمرہ جماعت میں کھڑا ہو کر سکول کا تعارف کرائے۔

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ کو کلاس کے آداب سے آگاہ کرے۔

☆ طلبہ کو سکول میں ہونے والی ہم نصابی سرگرمیوں سے آگاہ کریں۔

☆ سکول میں کام کرنے والے مختلف لوگوں سے طلبہ کو روشناس کرائیں۔



باب 14

عبادات


تدریسی مقاصد

- ☆ فرض عبادت کا مفہوم سمجھنا۔
- ☆ پانچ فرض نمازوں کے بارے میں جاننا۔
- ☆ اذان کا مقصد اور مفہوم ذہن نشین کرنا۔
- ☆ مسلمانوں کی عبادت گاہ کے بارے میں جاننا۔
- ☆ دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کے بارے میں جاننا۔
- ☆ تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کا احترام سیکھنا۔

نماز اللہ تعالیٰ کی ایک اہم عبادت ہے۔نماز ہر مسلمان پر فرض ہے۔فرض ایسی عبادت ہوتی ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے دیا ہو۔مسلمانوں پر روزانہ پانچ نمازیں فرض ہیں۔

نمازفجر	نمازظہر	نمازعصر	نمازمغرب	نمازعشاء


مسجد مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے۔یہ اللہ تعالیٰ کا گھر ہوتا ہے۔مسلمان مرد مسجد جا کر نماز پڑھتے ہیں۔عورتیں گھر پر نماز پڑھتی ہیں۔ہر نماز سے پہلے اذان دی جاتی ہے تا کہ سب کو نماز کے وقت کی خبر ہو جائے۔



مسلمانوں کی عبادت کے مختلف طریقے









مسلمان مرد مسجد میں نماز ادا کرتے ہیں۔





عیسائی (مسیحی) چرچ میں عبادت کرتے ہیں۔





ہندو مندر میں عبادت کرتے ہیں۔





سکھ گردوارے میں عبادت کرتے ہیں

ہمیں مختلف مذاہب کی عبادت گاہوں کا احترام کرنا چاہیے۔

مشق

سوال نمبر 1۔ مختصر جواب دیں:

1۔ نماز سے پہلے اذان کیوں ہوتی ہے؟

2۔ مسلمان کہاں عبادت کرتے ہیں؟

3۔ عیسائی کہاں عبادت کرتے ہیں؟

4۔ ہندو کہاں عبادت کرتے ہیں؟

5۔ سکھ کہاں عبادت کرتے ہیں؟

سوال نمبر 2۔ پانچ فرض نمازوں کے نام بتائیں۔

---------------------------------- ---------------------------------- ----------------------------------

---------------------------------- ----------------------------------

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو نماز پڑھنے کا طریقہ بتائیں۔

☆ مسلمان طلبہ کو عبادات کے دیگر طریقوں سے روشناس کرائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائیں۔



باب 15

حفظانِ صحت

تدریسی مقاصد

☆ یہ جاننا کہ بیماری کی صورت میں علاج کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆ علاج کرنے والے لوگوں کے نام جاننا۔

☆ اپنے قریبی شفا خانے (ہسپتال، ڈسپنسری، کلینک وغیرہ) کے بارے میں جاننا۔

☆ خاندان کے کسی فرد کے علاج کا واقعہ بیان کرسکنا۔

☆ بیماری کی وجوہات کی پہچان کرسکنا۔

☆ ان غیر صحت مند عادتوں کو شناخت کرنا جو بیماریوں کا سبب بنتی ہیں۔

☆ بیماریوں سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر کی فہرست تیار کرسکنا۔


صحت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اور جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو علاج کے لئے ہسپتال جاتے ہیں۔

چند عام بیماریاں یہ ہیں:

- نزلہ زکام
- بخار
- کھانسی
- ہاضمہ کی خرابی
- گلے کی خرابی

جب ہم بیمار ہوتے ہیں تو یہ لوگ ہمیں علاج میں مدد دیتے ہیں:

ڈاکٹر



نرس



حکیم



کمپاؤنڈر




ہماری قریبی علاج گاہیں

جب کوئی بیمار ہوتا ہیں تو ہم اسے علاج کے لئے درج ذیل جگہوں پر لے جاتے ہیں:



ہسپتال



کلینک



ڈسپنسری

اپنے گھر کے قریب ترین ہسپتال کا نام بتائیں۔..


بیماری کی وجوہات

1۔ آلودہ پانی پینا
2۔ صاف ستھرا نہ رہنا
3۔ خراب خوراک کھانا
4۔ زیادہ سردی یا گرمی کا لگ جانا
5۔ گندے ماحول میں رہنا
6۔ کچے اور گلے سڑے پھل کھانا


خاندان کے کسی فرد کے علاج کا واقعہ

جب میرے چچا جان بیمار ہوئے تھے تو میرے ابو ان کو قریبی ہسپتال لے گئے ۔ڈاکٹر نے ان کا معائنہ کیا کچھ دوائیاں لکھ کر دیں، پرہیز کرنے کا بتایا اور ہدایت کی کہ پانی ہمیشہ اُبال کر پئیں۔

صحت مند رہنے کے اصول


متوازن غذا


صاف پانی


صاف ماحول


حفاظتی ٹیکے/ ویکسین


صاف ستھرا رہنا


کھیلنا، کودنا اور ورزش

مشق

سوال نمبر 1۔ صحت مند رہنے کے اصول بتائیں۔

1۔ --

2۔ --

3۔ --

4۔ --

5۔ --

سوال نمبر 2: درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ صحت اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہیں ☐

2۔ اچھی صحت کی لئے متوازن غذا ضروری ہے۔ ☐

3۔ پانی اُبال کر پینے سے ہم صحت مند رہتے ہیں ☐

4۔ جب ہم بیمار ہو جائیں تو علاج کے لئے اسکول جاتے ہیں ☐

5۔ نرس مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہے ☐

سوال نمبر3۔ بیماری کی وجوہات بتائیں۔

1۔ --

2۔ --

3۔ --

4۔ --

5۔ --

سوال نمبر4۔ دیے گئے الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

نعمت، صحت، پینے، ہسپتال، نرس

1۔ صحت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی ____________ ہے۔

2۔ اچھی ____________ کے لئے متوازن غذا ضروری نہیں ہے۔

3۔ پانی اُبال کر ____________ سے ہم صحت مند رہتے ہیں۔

4۔ جب ہم بیمار ہو جائیں تو علاج کے لئے ____________ جاتے ہیں۔

5۔ ____________ مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہے۔

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو چند عام بیماریوں اور علاج میں مدد دینے والے لوگوں سے روشناس کرائیں۔

☆ طلبہ کو بیماریوں کی وجوہات سے آگاہ کریں۔

☆ طلبہ کو صحت مند رہنے کے اصولوں سے روشناس کرائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔



باب 16

دُکان / مارکیٹ

تدریسی مقاصد

☆ دوکان اور ایک مارکیٹ سے واقف ہونا۔

☆ ان چیزوں کی فہرست بنانا جو مارکیٹ/ دوکان سے خریدی جاسکتی ہیں۔

☆ اپنے علاقے میں مختلف دوکانوں (گوشت کی دوکان، روزمرہ استعمال والی چیزوں کا سٹور، بیکری وغیرہ) کی فہرست بنانا۔


☆ سبزی کی دوکان پر مختلف چیزوں جیسے گاجر، پیاز، اور دوسری سبزیوں کے بارے میں جاننا۔

☆ یہ جاننا کہ مختلف چیزوں کی قیمتیں مختلف ہوتی ہیں۔

ایسی جگہ جہاں بہت سی دوکانیں اکھٹی ہوں ''مارکیٹ'' کہلاتی ہے۔ مارکیٹ میں کئی طرح کی دُکانیں ہوتی ہیں۔ مثلاً گوشت کی دوکان ، کتابوں کی دوکان ، سبزیوں کی دوکان ، ادویات کی دوکان (میڈیکل سٹور)، روزمرہ استعمال ہونے والی چیزوں کا سٹور اور بیکری وغیرہ۔ ہم اپنی ضرورت کی مختلف اشیاء دوکانوں سے خریدتے ہیں۔



کتابوں کی دوکان



بیکری



سبزیوں کی دوکان



گوشت کی دوکان



پھلوں کی دُکان



مارکیٹ

مشق

سوال نمبر1۔ آپ کے گھر کے قریب جس قسم کی دوکانیں ہیں ان پر (✓) کا نشان لگائیں۔

بیکری ☐	کپڑے کی دوکان ☐	سبزی کی دوکان ☐
کھلونوں کی دوکان ☐	کتابوں کی دوکان ☐	گوشت کی دوکان ☐

سوال نمبر2۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ پیاز، گاجر، اور آلو کہاں فروخت ہوتے ہیں۔

کتابوں کی دوکان پر ☐ سبزی کی دوکان پر ☐ گوشت کی دوکان پر ☐

2۔ بیکری پر کیا فروخت ہوتے ہیں۔

کپڑے ☐ بسکٹ ☐ کتابیں ☐

سوال نمبر 3۔ تصاویر میں دی گئی چیزوں کو لائن لگا کر صحیح دوکان کے ساتھ ملائیں۔

سرگرمی: نیچے دی ہوئی چیزوں کی قیمتیں بچے اپنے والدین کے ساتھ قریبی دوکان پر جا کر خود معلوم کریں۔

چیزیں		
چینی ایک کلوگرام	گھی ایک کلوگرام	چنے کی دال ایک کلوگرام
	دودھ پیکٹ ایک لیٹر	آٹا پانچ کلوگرام

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو دوکان اور مارکیٹ میں فرق بتائیں۔

☆ طلبہ کو چیزوں کی قیمتوں کے بارے میں بتائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔



باب 17

پارک/کھیل کا میدان

تدریسی مقاصد

☆ اپنے محلے میں پارک کی ضرورت کے بارے میں جاننا۔

☆ اپنے محلے کے پارک میں پائی جانے والی مختلف چیزوں کے متعلق جاننا۔

☆ پارک/کھیل کے میدان کو صاف رکھنے کے طریقوں سے واقف ہونا۔

☆ آپ جس پارک میں جاتے ہیں اُس کا ڈیزائن تیار کرسکنا۔


شہروں میں پارک بنے ہوتے ہیں۔ان پارکوں میں لوگ سیر کے لئے جاتے ہیں اور وہاں ورزش کرتے ہیں۔ پارکوں میں بچوں کے لئے جھولے لگے ہوتے ہیں۔ پارک میں کھیلنے اور گھڑسواری کے لئے بھی لوگ جاتے ہیں۔دیہاتوں میں بھی کھیل کے میدان ہوتے ہیں۔



ورزش کرنا



سیر کرنا



جھولا



پکنک منانا



سلائیڈ

پارک کو صاف رکھنے کے طریقے

1۔ چھلکے اور کوڑا کرکٹ اِدھر اُدھر پھینکنے کی بجائے کوڑادان میں ڈالیں۔

2۔ پودوں کو نقصان نہ پہنچائیں۔

3۔ پھول نہ توڑیں۔

4۔ گندگی نہ پھیلائیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ ہمیں پارک میں لگے پھولوں کو نہیں توڑنا چاہیے۔ ☐

2۔ پارک میں لوگ کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ ☐

3۔ پارک میں بچوں کے لیے جھولے لگے ہوتے ہیں۔ ☐

4۔ چھلکے اور کچرا کوڑادان میں ڈالنا چاہیے۔ ☐

5۔ پارک کو صاف ستھرا رکھنا ہمارا فرض نہیں ہے۔ ☐

سرگرمی نمبر 1۔ اپنے قریبی پارک میں جائیں اور وہاں موجود دس چیزوں کے نام لکھیں۔

------------------------ ------------------------ ------------------------

------------------------ ------------------------ ------------------------

------------------------ ------------------------ ------------------------

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو پارک کی ضرورت اور اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

☆ طلبہ کو پارک صاف ستھرا رکھنے کے طریقے بتائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔

باب 18



سفر کے ذرائع

تدریسی مقاصد

- ☆ ان ذرائع آمد ورفت کی پہچان کرنا جو آپ کے گردنواح میں لوگ استعمال کرتے ہیں۔
- ☆ اپنے گردونواح میں سست اور تیز رفتار ذرائع آمد ورفت میں فرق کرنا۔
- ☆ چارٹوں اور تصویریں کی مدد سے سست اور تیز رفتار ذرائع آمد ورفت کی شناخت کرنا۔
- ☆ ان مقامات کی شناخت کرنا جہاں ذرائع آمد ورفت (بس، ٹرینیں، ہوائی جہاز اور بحری جہاز) رُکتے اور روانہ ہوتے ہیں۔
- ☆ بس سٹاپ، ریلوے اسٹیشن، ائرپورٹ، اور بندرگاہ پر ہونے والی سرگرمیوں سے واقف ہونا۔

ہم ایک سے دوسری جگہ جانے کے لئے مختلف ذرائع استعمال کرتے ہیں اِن کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔



رکشہ



موٹرسائیکل



سائیکل



وین



بس



بحری جہاز



ہوائی جہاز



کار



ٹریکٹر



گدھا گاڑی



ٹرک



ریل گاڑی



اُونٹ گاڑی



موٹر سائیکل رکشہ

مختلف ذرائع آمد و رفت کی جگہیں




بسیں بس سٹاپ پر آ کر رُکتی ہیں اور یہیں سے روانہ ہوتی ہیں۔



ریل گاڑی ریلوے اسٹیشن پر رُکتی اور روانہ ہوتی ہے۔



ہوائی جہاز ائر پورٹ سے اُڑتے ہیں اور یہیں اُترتے ہیں۔



بحری جہاز بندرگاہ پر رُکتے اور روانہ ہوتے ہیں۔

بس اسٹینڈ، ریلوے اسٹیشن، ائرپورٹ اور بندرگاہ پر ہم:

☆ سفر کا آغاز یا اختتام کرتے ہیں۔ ☆ سامان بھیجتے یا وصول کرتے ہیں۔

☆ لوگوں کو خوش آمدید یا الوداع کہتے ہیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ بس سٹاپ، ریلوے اسٹیشن اور ائرپورٹ میں فرق بیان کریں۔

سوال نمبر 2۔ آپ کے مقامی علاقے میں موجود سفر کے پانچ عام ذرائع آمدورفت کے نام بتائیں:

______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________

سوال نمبر 3۔ سفر کے سست ترین اور تیز ترین ذرائع کے نام لکھیں۔

سُست ترین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تیز ترین۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سرگرمی نمبر 1۔ مختلف ذرائع آمدورفت کی تصویریں اخبارات یا رسالوں سے کاٹ کر ایک چارٹ پر چسپاں کریں چارٹ کو کمرے میں آویزاں کریں۔

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو اپنے اردگرد استعمال ہونے والے ذرائع آمدورفت کے بارے میں بتائیں۔

☆ طلبہ کو سست اور تیز رفتار ذرائع آمدورفت کے بارے میں بتائیں۔

☆ طلبہ کو مختلف ذرائع آمد کی آمد اور روانگی کے مقامات سے روشناس کروائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔



باب 19

ٹریفک کے قوانین


تدریسی مقاصد

☆ ٹریفک کے اصولوں کی شناخت کرنا۔


☆ سڑک پر پیدل چلنے، سڑک پار کرنے اور بس کے ذریعہ سفر کرنے کے دوران حفاظتی اصولوں کی پہچان کرنا۔

ہمیں مختلف جگہوں پر ٹریفک کے اشارے نظر آتے ہیں۔ یہ اشارے ہمیں حادثات سے بچاتے ہیں۔ ٹریفک کے اصولوں پر عمل کرنے سے ہم بہت ساری پریشانیوں اور حادثات سے بچ سکتے ہیں۔

ٹریفک اشارے







1- سرخ بتی پر سڑک پار نہ کریں بلکہ رُک جائیں۔

2- پیلی بتی پر چلنے کے لئے تیار ہو جائیں۔

3- ہمیشہ سبز بتی پر سڑک پار کریں۔

4- سڑک کے کنارے یا فٹ پاتھ پر چلیں۔

5- سڑک پار کرنے سے پہلے دائیں بائیں ضرور دیکھیں۔

6- دوڑ کر سڑک پار نہ کریں۔

7- چوراہے پر لگے اشاروں کو سمجھ کر سڑک پار کریں۔

8- سڑک ہمیشہ زیبرا کراسنگ سے پار کریں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ سڑک پار کرنے کے لئے پہلے کس طرف دیکھنا چاہیئے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 2۔ کس رنگ کی بتی پر رُک جانا چاہیئے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 3۔ کس رنگ کی بتی پر چلنے کے لئے تیار ہو جانا چاہیئے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 4۔ کس رنگ کی بتی پر چلنا چاہیئے؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر 5۔ دیئے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

زیبرا کراسنگ، حادثات، سڑک

1۔ ٹریفک کے اشارے ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے بچاتے ہیں۔

2۔ دوڑ کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پار نہ کریں۔

3۔ سڑک ہمیشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے پار کریں۔

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو ٹریفک کے اصولوں سے روشناس کرائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔

باب 20

اپنے ماحول کی صفائی

تدریسی مقاصد

☆ یہ جاننا کہ صحت مند رہنے کے لیے اپنے ماحول کی صفائی بہت اہم ہے۔

☆ اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے طریقوں کو جاننا۔

☆ شناخت کرنا کہ ہم اپنے ماحول کو کیسے خراب کرتے ہیں۔

☆ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے کے طریقوں سے واقف ہونا۔

صفائی نصف ایمان ہے۔صاف ستھرا رہنے سے ہم صحت مند رہ سکتے ہیں۔اس لیے اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ہمارے اِردگرد کا ماحول اُس وقت خراب ہوتا ہے جب لوگ کوڑا کرکٹ ،کوڑادانوں کی بجائے اِدھراُدھر پھینکتے ہیں اور گلیوں اور سڑکوں کی صفائی نہیں کرتے۔







ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقے

اگر ہم درج ذیل باتوں پر عمل کریں تو ہم اپنے اِردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھ سکتے ہیں:




1۔ گندگی نہ پھیلائیں۔

2۔ کوڑا کرکٹ کوڑادان میں ڈالیں۔

3۔ دیواروں پر نہ لکھیں۔

4۔ اپنے گھر اور گلیوں کو صاف ستھرا رکھیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ اپنے ماحول کو صاف رکھنے کے پانچ طریقے بتائیں۔

سوال نمبر 2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ اِدھر اُدھر تھوکنا اچھی عادت نہیں ہے ☐

2۔ جانور گندگی پھیلاتے ہیں ☐

3۔ ہمیں گندگی نہیں پھیلانی چاہیے ☐

4۔ دیواروں پر لکھنا اچھی عادت ہے ☐

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ کو ان چیزوں کے نام بتائیں جن سے ہمارے اردگرد کا ماحول گندہ ہوتا ہے۔

☆ طلبہ کو ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے طریقوں سے روشناس کرائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 21

افراد کا مل جل کر کام کرنا



تدریسی مقاصد

☆ کسی کھیل یا سرگرمی میں شامل ہونا اور باہر نکلنے کو مثالوں سے بیان کرسکنا۔

☆ کسی کو جماعت، گھر یا محلے کی کسی سرگرمی میں شامل کرنے یا نہ کرنے کو کہانی کی صورت میں بیان کر سکنا۔

انسان اپنے سارے کام اکیلے نہیں کرسکتا۔ اُسے اپنے جیسے دوسروں انسانوں کی مدد کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ مل جل کر کام کرنے سے کام آسان اور وقت کی بچت ہوتی ہے۔ مل جل کر رہنے اور کام کرنے سے محبت بڑھتی ہے اور خوشی محسوس ہوتی ہے۔ ہمارے سکول میں ایک بڑا درخت ہے۔ جب اس کے پتے گرتے ہیں تو ہم سب مل کر اِن پتوں کو اکٹھا کرتے ہیں۔

کھیل میں شامل کرنا



بدر ایک طرف اداس بیٹھا ہے۔



امی بچوں کو سمجھا رہی ہے۔



اب سب بچے خوش ہیں۔

کسی کو کھیل یا سرگرمی سے باہر نکالنا



صبح کی ڈرل میں شہزاد دیر سے پہنچا تو اُستاد نے کہا کہ تم آج لیٹ آئے۔اس لئے ڈرل میں شامل نہیں ہو سکتے



احمد تم آج ہوم ورک کر کے نہیں لائے۔اس لئے کمرۂ جماعت سے باہر نکل جاؤ۔



کنول کے ناخن بڑھے ہوئے ہیں۔اس لئے اُستانی صاحبہ اس کو قطار سے باہر نکال کر سمجھا رہی ہیں۔



سوال نمبر 1۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

آسان ، محبت، انسان

1۔ مل جل کر کام کرنے سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بڑھتی ہے۔

2۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سارے کام اکیلے نہیں کرسکتا۔

3۔ مل جل کر کام کرنے سے کام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہو جاتا ہے

سرگرمی: تمام طلبہ چارٹ پر اپنے اپنے پسند کی ڈرائنگ بنائیں اور جماعت میں آویزاں کریں۔

برائے اساتذہ:

☆ طلبہ سے کسی سرگرمی میں داخل ہونے یا نکلنے کا عملی مظاہرہ کروائیں۔

☆ طلبہ کو اپنی سرگرمیوں کے بارے میں بتائیں جن کی بنا پر

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 22



حُسنِ اخلاق

تدریسی مقاصد

☆ آپس میں ملنے کے آداب میں اسلام علیکم کہنا سیکھنا۔

☆ جب کسی سے کوئی چیز لینا تو مہربانی کے الفاظ استعمال کرنا اور واپس دیتے وقت شکریہ ادا کرنا سیکھنا۔

☆ سچ بولنا، نیکی کرنا، نرمی سے بات کرنا، شفقت سے پیش آنا، وغیرہ سے روشناس ہونا۔

☆ اچھے انسان کی خوبیوں کے بارے میں جاننا۔



1- جب آپ دوسروں سے ملیں تو السلام علیکُم کہیں۔

2- دوسروں کو سلام کے جواب میں وعلیکُم السلام کہیں۔

3- دوسروں سے کوئی چیز مانگیں یا کسی سے اجازت لیں تو براہِ مہربانی کہیں۔

4- اگر دوسرے سے کوئی چیز لیں تو شکریہ/ جزاک اللہ کہیں۔



اچھے انسان کی خوبیاں

اچھے انسان کی خوبیاں درج ذیل ہیں۔



1- ہمیشہ سچ بولنا۔

2- بڑوں کی عزت کرنا۔

3- اپنے دوستوں سے اچھا برتاؤ کرنا۔

4- دوسروں کی چیزیں اجازت لے کر استعمال کرنا۔

5- دوسروں کی مدد کرنا۔

مشق

سوال نمبر1۔ درست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

1۔ شازیہ اسکول سے آئی ہے وہ گھر داخل ہوتے وقت کیا کہے گی؟

شکریہ ☐ اسلام وعلیکم ☐ برائے مہربانی ☐

2۔ اکرم نے اپنے دوست احسن کو تحفہ دیا۔ احسن تحفہ لے کر اکرم کو کیا کہے گا؟

شکریہ ☐ برائے مہربانی ☐ اسلام وعلیکم ☐

3۔ بلال اپنے بھائی اکبر سے قلم لینا چاہتا ہے وہ اپنی بات کس لفظ سے شروع کریگا؟

شکریہ ☐ وعلیکُم اسلام ☐ براہِ مہربانی ☐

سوال نمبر2۔ اچھے انسان کی پانچ خوبیاں بتائیں۔

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ کو شکریہ، جزاک اللہ اور مہربانی کے الفاظ کا استعمال بتائیں۔

☆ طلبہ کو سیرت طیبہ سے اچھے واقعات سنائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 23

الہامی کتابیں

تدریسی مقاصد

☆ الہامی کتابوں اور جن رسولوں پر وہ نازل ہوئیں، ان کے ناموں سے واقف ہونا۔

☆ یہ جاننا کہ قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔

☆ بہترین زندگی گذارنے کے لئے قرآن پاک کی اہمیت کو جاننا۔

اللہ تعالیٰ نے مختلف زمانوں میں انسانوں کی ہدایت کے لئے اپنے رسولوں پر کتابیں نازل کیں جنہیں ''الہامی کتابیں'' کہتے ہیں۔ان کی تفصیل درج ذیل ہے:

1- زبور	حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
2- تورات	حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
3- انجیل	حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
4- قرآن پاک	حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا۔



قرآن پاک اللہ تعالیٰ کی آخری الہامی کتاب ہے جو قیامت تک دنیا میں آنے والے سارے انسانوں کی ہدایت کے لئے ہے۔تمام الہامی کتابوں کا احترام ہم سب پر فرض ہے۔ان کتابوں میں اچھی زندگی گزارنے کے طریقے درج ہیں۔

مشق

سوال نمبر 1۔ الہامی کتابیں کیوں نازل کی گئیں؟ ---------------------------

سوال نمبر 2۔ اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب کا نام کیا ہے؟ --------------------------

سوال نمبر 3۔ الہامی کتاب تورات کس نبیؑ پر نازل ہوئی؟ ------------------------

سوال نمبر 4۔ قرآن پاک کس رسول پر نازل ہوا؟ ----------------------------

سوال نمبر 5۔ کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

کالم الف:	کالم ب:
زبُور	حضرت محمد ﷺ
قرآن پاک	حضرت موسیٰ علیہ السلام
تورات	حضرت عیسیٰ علیہ السلام
انجیل	حضرت داؤد علیہ السلام

برائے اساتذہ:

☆ طلباء کو الہامی کتابوں سے روشناس کروائیں۔

☆ اُستاد طلبہ سے اپنی نگرانی میں سرگرمیاں مکمل کرائے۔

باب 24



پودے اور جانور

تدریسی مقاصد

☆ اپنے گردونواح میں پائے جانے والے پودوں کی نشاندہی کرسکنا۔

☆ اپنے گردونواح میں پائے جانے والے مختلف پودوں میں فرق کرسکنا۔

☆ پودوں اور درختوں کی اہمیت (خوراک، لباس اور پناہ کا ذریعہ) سے آگاہ ہونا۔

☆ پودوں اور درختوں سے بنی ہوئی چیزوں کے بارے میں جاننا۔

☆ اپنے گردونواح میں پائے جانے والے جانوروں کی نشاندی کرسکنا۔

☆ اپنے گردونواح میں پائے جانے والے مختلف جانوروں میں فرق کرسکنا۔

☆ مختلف جانوروں کی خوراک سے آگاہ ہونا۔

☆ خوراک اور باربرداری کے ذرائع کی حیثیت سے جانوروں کی اہمیت سے روشناس ہونا۔

☆ جانوروں کے گھروں (گھونسلوں، بل) کی نشاندہی کرنا۔

☆ اُن جانوروں کی پہچان کرنا جو گھروں میں پالے جاتے ہیں اور جو وہ گھروں میں نہیں (جنگلی) پالے جاتے۔

☆ پالتو جانوروں کی دیکھ بھال کے طریقوں سے واقف ہونا۔

☆ یہ جاننا کہ پودوں اور جانوروں کو زندہ رہنے کے لئے پانی، خوراک اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆ اپنے گردونواح کی چیزوں کی دیکھ بھال کے طریقوں کے بارے میں جاننا۔

پودے

ہمارے گردونواح میں کئی قسم کی جھاڑیاں اور درخت پائے جاتے ہیں یہ پودے اپنی شکل، جسامت اور مضبوطی کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔



چھوٹے پودے اور درخت ہماری مختلف ضروریات پورا کرتے ہیں۔ پودوں سے خوراک حاصل ہوتی ہے۔ یہ سایہ دیتے ہیں اور ماحول کو خوبصورت بناتے ہیں۔ درختوں کی لکڑی فرنیچر بنانے اور ایندھن کے کام آتی ہے۔ پودے پرندوں اور جانوروں کو گھر بھی فراہم کرتے ہیں۔



جانور

ہمارے گردونواح میں مختلف قسم کے جانور پائے جاتے ہیں۔ ایسے جانور بھی ہیں جن کے جسم پر بال ہوتے ہیں، بچے پیدا کرتے ہیں اور انہیں دودھ پلاتے ہیں۔ ہمارے اردگرد پرندے بھی پائے جاتے ہیں جو اپنے پروں کی مدد سے اڑتے ہیں۔



کچھ جانور پانی میں رہتے ہیں اور پانی میں تیرتے ہیں۔ کچھ کیڑے مکوڑے زمین پر رینگتے ہیں اور ان کی ٹانگیں بھی ہوتی ہیں۔





جانوروں کو زندہ رہنے کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ کچھ جانور گھاس اور پودے کھاتے ہیں۔ بعض جانور دوسرے جانوروں کا گوشت کھاتے ہیں۔







کچھ پرندے دانہ کھاتے ہیں اور بعض گوشت بھی کھاتے ہیں۔





جانور ہماری خوراک کا ذریعہ

بھینس، گائے، بکری، اور بھیڑ وغیرہ سے ہم دودھ اور گوشت حاصل کرتے ہیں۔ مرغی سے انڈے اور گوشت حاصل ہوتا ہے۔ مچھلی سے گوشت اور تیل حاصل ہوتا ہے۔


ہم جانوروں کو بار برداری کے لئے استعمال کرتے ہیں

اونٹ، گھوڑے، خچر اور گدھے سواری اور بار برداری کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ ہم ان جانوروں کے ذریعے سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں۔





پالتو اور جنگلی جانور

ایسے جانور جو گھروں میں پالے جاتے ہیں "پالتو جانور" کہلاتے ہیں۔ مثلاً بھیڑ، بکری، گائے وغیرہ۔ جو جانور جنگلوں میں رہتے ہیں وہ "جنگلی جانور" کہلاتے ہیں مثلاً ہاتھی، شیر اور ریچھ وغیرہ۔





پودے اور جانوروں کو زندہ رہنے کے لئے پانی، خوراک اور ہوا کی ضرورت ہوتی ہیں۔ انسانوں کی طرح جانوروں کے بھی گھر ہوتے ہیں۔ پرندے گھونسلوں میں اور چوہے بلوں میں رہتے ہیں۔





جانوروں کی دیکھ بھال کے طریقے

1- جانوروں کو مناسب خوراک دی جائے۔

2- پینے کے صاف پانی کا بندوبست کیا جائے۔

3- اُن کے آرام کے لئے مناسب جگہوں کا انتظام کیا جائے۔





مشق

سوال نمبر 1۔ درختوں سے ہم کیا فائدہ حاصل کرتے ہیں؟ تین فائدے لکھیں۔

1---------- 2----------- 3----------

سوال نمبر 2۔ جانوروں کو زندہ رہنے کیلئے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

1---------- 2----------- 3----------

سوال نمبر 3۔ کن جانوروں کو ہم باربرداری کیلئے استعمال کرتے ہیں؟

1---------- 2----------- 3----------

سوال نمبر 4۔ تین جنگلی جانوروں کے نام لکھیں۔

1---------- 2----------- 3----------

سوال نمبر 5۔ تین پالتو جانوروں کے نام لکھیں۔

1---------- 2----------- 3----------

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں کرائے۔



باب 25

ہمارے ارد گرد کی چیزیں

تدریسی مقاصد


- ☆ اپنے گرد و نواح میں پائی جانے والی مختلف جگہوں (گھر، سکول، محلّہ) کے بارے میں بتا سکنا۔
- ☆ یہ جاننا کہ چیزیں شکل، جسامت اور وزن کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔
- ☆ مختلف چیزوں کی شکل (دائرہ، مربع، مُستطیل، مثلث) اور جسامت (بڑی، چھوٹی، لمبی) کے بارے میں بتا سکنا۔
- ☆ سطح (کھردری، ہموار، سخت، نرم) اور وزن (بھاری، ہلکا) کے لحاظ سے اشیاء کی گروہ بندی کر سکنا۔
- ☆ یہ جاننا کہ بہت سی چیزیں آواز پیدا کرتی ہیں۔
- ☆ آواز پیدا کرنے کے مختلف طریقوں (مارنا، ہلانا، ہوا سے دبانا اور چھونا) سے واقف ہونا۔
- ☆ یہ جاننا کہ ہم کانوں سے آواز سنتے ہیں۔
- ☆ یہ جاننا کہ جب ہم دور ہوتے ہیں تو آواز کم سنائی دیتی ہے۔
- ☆ یہ جاننا کہ اندھیرے میں چیز کو دیکھنے کے لیے روشنی ضروری ہوتی ہے۔
- ☆ تیز اور مدھم روشنی کے بارے میں جاننا۔
- ☆ مختلف مادوں سے بنی ہوئی چیزوں کی پہچان کرنا۔
- ☆ لکڑی، کاغذ اور پلاسٹک سے بنی ہوئی چیزوں کا گروپ بنانا۔
- ☆ سخت، نرم، کھردری اور ہموار مادوں کی پہچان کرنا۔
- ☆ ایک ہی مادہ سے بننے والی مختلف چیزوں کے متعلق جاننا۔
- ☆ مختلف مادوں سے مل کر بننے والی مختلف چیزوں کی پہچان کرنا۔
- ☆ ایک سے زیادہ مادوں سے مل کر بننے والی چیزوں سے واقف ہونا۔

گھر، سکول اور محلے میں پائی جانے والی مختلف چیزیں

گھر، اسکول اور محلے میں بہت ساری چیزیں پائی جاتی ہیں۔ یہ چیزیں اپنی جسامت، شکل اور وزن وغیرہ کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔



ہمارے اردگرد بہت ساری چیزیں دائرہ، مربع، مستطیل اور تکون کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔



بعض چیزیں جسامت اور وزن کے لحاظ سے بڑی اور چھوٹی ہوتی ہیں۔

چھوٹی چیز





بڑی چیز





اسی طرح گیند کھردری ہوتی ہے، میز ہموار، کرسی سخت اور فوم نرم ہوتا ہے۔









مختلف چیزوں سے مختلف طریقوں سے آواز پیدا ہوتی ہے۔

ڈھول کو تھاپنے سے آواز پیدا ہوتی ہے



باجے میں پھونک مارنے سے آواز پیدا ہوتی ہے





کھلونے کو ہلانے سے آواز پیدا ہوتی ہے



گٹار کی تاروں کو چھیڑنے سے آواز پیدا ہوتی ہے



قریب سے سننے سے آواز زیادہ سنائی دیتی ہے اور دور سے سننے آواز کم سنائی دیتی ہے۔

چیزوں کو دیکھنے کے لئے ہمیں روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔اندھیرے میں چیزیں دکھائی نہیں دیتیں۔




ایک مادہ سے مختلف چیزیں بنائی جاتی ہیں

لکڑی

پلاسٹک

شیشہ

کاغذ

لوہا


1- لکڑی سے میز، کرسی، دروازے اور الماریاں وغیرہ بنائی جاتی ہیں۔
2- کاغذ سے اخبار، کتابیں اور پھول وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
3- پلاسٹک سے کھلونے، ٹوکریاں، گلاس اور جگ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
4- شیشے سے چائے کے کپ، عینک اور آئینہ وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔
5- لوہے سے الماریاں، موٹر سائیکل، کاریں اور ٹرک وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔

ہمارے اردگرد موجود کئی چیزیں ایک سے زیادہ مادوں سے مل کر بنی ہوئی ہیں۔مثلاً ٹی وی سیٹ، گھڑیال، ٹریکٹر، ٹارچ وغیرہ۔






مشق

سوال نمبر 1۔ اپنے گھر میں موجود پانچ چیزوں کے نام بتائیں۔

1-__________ 2-__________ 3-__________

4-__________ 5-__________

سوال نمبر 2۔ لکڑی اور پلاسٹک سے بنی پانچ پانچ چیزوں کے نام لکھیں۔

لکڑی کی چیزیں:

1-__________ 2-__________


3-__________ 4-__________ 5-__________

پلاسٹک کی چیزیں:

1-__________ 2-__________

3-__________ 4-__________ 5-__________

سوال نمبر 3۔ چیزوں کو اُن کے ناموں سے ملائیں۔




کاغذ لکڑی لوہا شیشہ پلاسٹک

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں کرائے۔

باب 26

زمین

تدریسی مقاصد

☆ زمین کی شکل کے بارے میں جاننا۔

☆ یہ جاننا کہ زمین پر خشکی اور پانی موجود ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہمارے رہنے کے لیے زمین بنائی ہے۔ زمین کی شکل گیند کی طرح بیضوی ہے۔ زمین پر میدان، پہاڑ، دریا، سمندر، وادیاں اور صحرا ہیں۔ زمین کے 72 فیصد رقبے پر پانی اور 28 فیصد رقبے پر خشکی ہے۔ زمین پر خشکی کم اور پانی زیادہ ہے۔




مشق

سوال نمبر1۔ زمین کی شکل کیسی ہے؟

سوال نمبر2۔ زمین کے کتنے فیصد حصے پر خشکی ہے؟

سوال نمبر3۔ زمین پر پہاڑوں کے علاوہ اور کیا نظر آتا ہے؟

سوال نمبر4۔ زمین کی صحیح شکل منتخب کر کے اُس میں رنگ بھریں۔



برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 27

آسمان

تدریسی مقاصد

☆ رات اور دن کے وقت آسمان پر مختلف چیزوں کی پہچان کر سکنا۔

☆ یہ جاننا کہ سورج دن کے وقت آسمان میں چمکتا ہے اور ہمیں روشنی اور حرارت دیتا ہے۔

☆ یہ جاننا کہ چاند اور ستارے رات کو چمکتے ہیں۔

آسمان میں سورج، چاند اور دیگر ستارے ہیں

سورج دن کے وقت نکلتا ہے۔ یہ بہت چمکدار ہوتا ہے۔ سورج ہمیں روشنی اور حرارت دیتا ہے۔ سورج کی تیز روشنی کی وجہ سے دن کو چاند اور باقی ستارے نظر نہیں آتے۔ چاند اور ستارے رات کو نظر آتے ہیں۔





مشق

سوال نمبر 1۔ آسمان میں کون کون سی چیزیں ہیں؟ ---------------------------------

سوال نمبر 2۔ چاند اور ستارے دن کو کیوں نظر نہیں آتے؟ ------------------------------

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 28

موسمی حالات

تدریسی مقاصد

☆ موسم کی روزانہ کی صورت حال (دھوپ، بارش، بادل اور ہوا) کی نشاندہی کر سکنا۔
☆ اپنے مشاہدات کی مدد سے موسم کی صورت حال کی پیش گوئی کر سکنا۔

دھوپ، بارش، بادل اور ہوا/ آندھی وغیرہ کسی علاقے کے موسم کی صورت حال کہلائے گا۔






موسم سارا سال ایک جیسا نہیں رہتا آسمان پر بادل موجود ہوں تو ہم بارش کی پیش گوئی کرتے ہیں تیز ہواؤں کے چلنے سے ہمیں آندھی یا طوفان کے آنے کا پتا چلتا ہے۔ آسمان پر بادل نہ ہوں تو تیز دھوپ کا امکان ہوتا ہے۔

مشق

سوال نمبرا۔ موزوں الفاظ سے خالی جگہیں پُر کریں۔

1- آسمان پر بادل موجود ہوں تو ہم .... کی پیش گوئی کرتے ہیں۔

2- تیز ہواؤں کے چلنے سے ہمیں .... کے آنے کا پتا چلتا ہے۔

سوال نمبر2۔ ناموں کو تصویروں سے ملائیں۔

ہوا/آندھی	بارش	بادل	دھوپ






برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔

باب 29

موسمی حالات

تدریسی مقاصد

- ☆ چار موسموں (موسم بہار، موسم گرما، موسم خزاں اور موسم سرما) کے نام جان لینا۔
- ☆ چاروں موسموں کی خصوصیات کو تصاویر کی مدد سے بیان کر سکنا۔
- ☆ موسموں کے لحاظ سے کپڑوں کا انتخاب، خوراک اور تفریحی سرگرمیوں سے واقف ہونا۔


ہمارے ملک میں سال کے چاروں موسم پائے جاتے ہیں۔ اُن کے نام بہار، گرما، خزاں اور سرما ہیں۔ بہار میں موسم معتدل ہوتا ہے اور پھول کھلتے ہیں۔ موسم گرما میں خوب گرمی پڑتی ہے اور تیز دھوپ ہوتی ہے۔ خزاں میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں اور تیز ہوائیں چلتی ہیں۔ موسم سرما میں شدید سردی ہوتی ہے۔



بہار میں پھول کھلتے ہیں اور موسم خوشگوار ہوتا ہے۔



موسم گرما میں دھوپ تیز ہوتی ہے اور گرمی پڑتی ہے۔



خزاں میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔



موسم سرما میں سردی پڑتی ہے اور برف باری ہوتی ہے۔

لباس اور خوراک

موسم گرما میں لوگ ڈھیلے اور ہلکے لباس پہنتے ہیں جبکہ موسم سرما میں گرم کپڑے پہنے جاتے ہیں۔اسی طرح موسم گرما اور موسم سرما میں ہم مختلف قسم کی خوراک استعمال کرتے ہیں۔


موسم گرما کے لباس




موسم سرما کے لباس




موسم گرما کے پھل

موسم سرما کے پھل




مختلف موسموں کی تفریحی سرگرمیاں








سوال نمبر 1۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط جملے کے سامنے (✗) کا نشان لگائیں۔

1۔ موسم سرما میں ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔ ☐

2۔ موسم خزاں میں پھول کھلتے ہیں۔ ☐

3۔ گرمیوں میں دن لمبے ہوتے ہیں۔ ☐

4۔ موسم گرما میں دھوپ تیز نہیں ہوتی ہے۔ ☐

5۔ موسم بہار میں موسم خوشگوار ہوتا ہے۔ ☐

سوال نمبر 2۔ پاکستان کے موسموں کے نام بتائیں۔

________________ ________________

________________ ________________

برائے اساتذہ:

☆ اُستاد طلبہ سے سرگرمیاں اپنی نگرانی میں مکمل کرائے۔